2886-کافر ممالک میں شہریت حاصل کرنے کے لیے نصرانی عورت سے صرف کاغذی نکاح کرنا

سوال

کیا گرین کارڈ کے حصول کے لیے کسی امریکی نصرانی عورت سے شادی کرنا جائز ہے جس میں اس سے معاشرت نہ کی جائے یا پھر اس سے علیحدہ رہا جائے (اور نکاح صرف کاغذی کاروائی ہو)؟

اس شادی سے میری نیت یہ ہے تاکہ میں بیوی کے ملک میں آجا سکوں اور اپنے والدین جو کہ میرے اصلی وطن میں رہائش پزیر ہیں کا تعاون کر سکوں اور کمپیوٹر پروگرامر کی سند پر ملازمت کر سکوں؟

اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

پسندیدہ جواب

والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ : وبعد۔

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ علامہ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز رحمہ اللہ
تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

صرف شہریت حاصل کرنے کے لیے شادی کرنا اور پھر اسے طلاق دینا شریعت اسلامیہ میں
مجھے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ایسا کرنا جائز نہیں۔ انتھی۔

اور اسی طرح یہ بھی کہ نصرانی عورت سے صرف اوراق میں ہی نکاح کرنا ان کفار کے ساتھ
حیلہ اور مکروفریب ہے جو کہ جائز نہیں، کیونکہ اللہ تعالی ظلم کو پسند نہیں فرماتا
حتی کہ کافر پر بھی اس ظلم کو پسند نہیں کرتا ہے۔

واللہ اعلم.